5 APRIL 2013 ایکسپریس کراچی

THE LINDE GROUP

Linde

# اطلاع برائے سالانہ جلسۂ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ **Linde Pakistan Limited** کا چونسٹھواں (۶۴واں) سالانہ جلسہ عام بتاریخ ۲۹راپریل ۲۰۱۳ء بروز پیر، بوقت نو بجے صبح، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ کراچی پر منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

**عمومی کارروائی:**

۱۔ ۳۱ردسمبر ۲۰۱۲ء کو کمپنی کے ختم ہونے والے سال کی فرد حسابات اور اُس پر ڈائریکٹران اور آڈیٹران کی رپورٹوں کی وصولی اور اُن پر غور۔

۲۔ کمپنی کے ڈائریکٹران کی سفارش کے مطابق ۳۱ردسمبر ۲۰۱۲ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے ۱۰روپے کے ہر عام حصے پر پانچ روپے کے حتمی منافع کی ادائیگی پر غور اور اگر مناسب سمجھا گیا تو اُس کی منظوری دینا، جو اُن حصص یافتگان کو ادا کیئے جائیں گے جن کے نام ۱۵راپریل ۲۰۱۳ء کو کاروباری اوقات کے خاتمے تک حصص یافتگان کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

۳۔ کمپنی کے آڈیٹران کا تقرر اور اُن کے معاوضے کا تعین۔

**خصوصی کارروائی:**

۴۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل ۳۷ میں ترمیم کرنا اور اس مقصد کیلئے مندرجہ ذیل قرارداد بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا:

بطور خصوصی قرارداد یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں آرٹیکل ۳۷ کے متبادل کے ذریعے ردوبدل کیا جائے۔ اس حوالے سے نیا آرٹیکل ۳۷ درج ذیل ہے:

**ڈائریکٹران کی اہلیت**

۳۷۔ ممبر ہونے کے ساتھ ساتھ منتخب شدہ ڈائریکٹر کی اہلیت کیلئے جہاں بھی ضرورت ہو، یہ لازمی ہے کہ کمپنی میں اس کے اپنے نام پر کم از کم 500 روپے مالیت کے شیئرز موجود ہوں لیکن ایک یا ایک سے زائد ممبران (جو کم از کم 500 روپے مالیت کے شیئرز کے مالک ہوں) کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے ڈائریکٹر کیلئے ایسی کوئی اہلیت درکار نہیں ہوگی۔ لازمی مالیت کے شیئرز رکھنے والے ممبر یا ممبران کے مفادات کی نمائندگی کیلئے ڈائریکٹر اہل نہیں ہوگا تاوقتیکہ اس کا ممبر یا ممبران کی جانب سے مذکورہ نمائندگی کیلئے کمپنی کو بھیجے جانے والے تحریری نوٹس کے ذریعے تقرر نہ کیا جائے۔ نوٹس میں بتائی گئی مالیت کے شیئرز کا خصوصی طور پر ذکر ہونا چاہیے جو کہ ڈائریکٹر کے عہدے کی اہلیت ثابت کرنے کیلئے لازمی ہیں۔ واضح رہے کہ نمائندے کے طور پر اپنے فرائض انجام دینے کے دوران ڈائریکٹر کی اہلیت کے حوالے سے دیئے گئے شیئرز کو کسی دوسرے ڈائریکٹر کی اہلیت کیلئے موزوں تصور نہیں کیا جائیگا۔ ڈائریکٹر کیلئے اپنے تقرر کی تاریخ سے لے کر اگلے دو ماہ کے اندر اپنی اہلیت کے حوالے سے شیئرز کا حاصل کرنا لازمی ہوگا۔

اس نوٹس کی ایک نقل کیساتھ حصص یافتگان کو کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ء کے سیکشن ۱۶۰(۱)(ب) کے تقاضے کے مطابق سالانہ جلسہ عام میں زیر غور لانے کیلئے خصوصی کارروائی کے سلسلے کا بیان ارسال کیا جارہا ہے۔

بحکم بورڈ

**محمد اشرف باوانی**
ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر

کراچی:
۲۰ر مارچ ۲۰۱۳ء

**نوٹس:**

i۔ کمپنی ممبران کیلئے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے پارکنگ ایریا بمقام احاطہ پاکستان ریلوے، ٹاور سے ٹرانسپورٹ کی سہولت میسر ہوگی جو ۲۹راپریل ۲۰۱۳ء کو ٹھیک ۸:۱۵ بجے صبح روانہ ہوگی۔

ii۔ کمپنی کے حصص کی منتقلی کا رجسٹر ۱۶راپریل سے ۲۹راپریل ۲۰۱۳ء (بشمول دونوں دن) بند رہیگا۔

iii۔ سالانہ جلسہ عام میں شرکت، بولنے اور ووٹ کا استحقاق رکھنے والے کسی بھی ممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ میٹنگ میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنی جگہ کسی کو عیوضی مقرر کردے۔ جسے میٹنگ میں بولنے اور ووٹ دینے کے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو ایک ممبر کو حاصل ہیں۔ عیوضی کے مؤثر ہونے کیلئے ہر لحاظ سے درست اطلاع نامہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جلسہ شروع ہونے سے کم از کم ۴۸ گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیے۔ عیوضی کو لازمی طور پر کمپنی کا ممبر ہونا چاہیے۔ ماسوائے اس صورتحال کے کہ کوئی کارپوریشن کمپنی کی ممبر ہو اور وہ اپنے کسی افسر یا کسی اور فرد کو عیوضی مقرر کردے چاہے وہ کمپنی کا ممبر نہ ہو۔

iv۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں ہونیوالی کسی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل کراچی ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔

v۔ مزید برآں سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱، مورخہ ۲۶رجنوری ۲۰۰۰ء میں درج رہنما ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔ تاہم ان رہنما ہدایات کو ممبران کو بھیجے جانے والے نوٹس میں شامل کردیا گیا ہے۔

manhattan